© rasailojaraid.com



جانشینِ امیر شریعت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ

## "امروز و فردا"

صُبحِ نشاط شامِ غریباں ہے آجکل
صحنِ چمن بھی عکسِ بیاباں ہے آجکل
داغِ جگر بھی گنجِ شہیداں ہے آجکل
سراشک خوں بھی شمعِ فروزاں ہے آجکل

دل ہے مثالِ کُلبۂ تاریک و پُرزغم
روحِ علیل مسکنِ حرماں ہے آجکل

دردِ فراق، اشکِ تحسر، فغانِ شب
افسانۂ حیات کا عنواں ہے آجکل
کونین جس کے واسطے تھے وسعتِ زقند
وہ فکرِ قدس طائرِ زنداں ہے آجکل

دینِ نبی ہے ترک شعائر پہ سوگوار
خوں نابہ ریز عظمتِ قرآں ہے آجکل

© rasailojaraid.com